دعا: از عرفان حسن صدیقی ایڈمنسٹریٹر فضل سلمان ٹرسٹ۔ ناشر: فیروز سنز لاہور۔ کاغذ بہت سفید نہیں۔ طباعت کمپیوٹر سسٹم سے' صفحات ۱۶۰۔ جلد مضبوط و رنگین' ڈیزائن دار۔ قیمت ۷۵ روپے۔

نوجوان مؤلف عزیز بھی ہیں اور جناب صفدر حسن صدیقی کے فرزند بھی۔ انہوں نے اپنے دل و دماغ کی زیادہ تر خود ہی تربیت کی اور اسلام کو محور و مقصد بنا لیا۔ اپنی ہی کاوش و محنت سے انہوں نے قرآن سے مختلف موضوعات پر آیات جمع کرکے ان کے حوالے دیے ہیں۔ مثلاً اس کتاب "دعا" میں انہوں نے قرآن سے تمام وہ آیات مع ترجمہ و حوالہ اس کتاب میں ترتیب وار اور مختلف ابواب میں درج کردی ہیں جو دعا سے متعلق ہیں۔ شروع میں تصور دعا اور تصور عبادت اور چند دوسری بنیادی حقیقتوں کو واضح کیا گیا ہے۔ باب (۱) سے (۱۷) تک دعا کے متعلق اصولی باتیں بحوالہ قرآن درج ہیں۔ پھر آگے ہر باب میں خاص خاص عنوانات کے تحت دعائیں مع ترجمہ درج ہیں۔ اس نوجوان نے تفاسیر و تراجم سے استفادہ کرکے بہت ہی اچھے تراجم پیش کیے ہیں اور کہیں کہیں تشریح بھی۔

بظاہر کتاب انڈکس معلوم ہوتی ہے مگر پڑھیں تو ہر صفحہ نہایت حقائق اور دلچسپ معلومات لیے آپ کے سامنے آتا ہے۔

عجیب تماشا ہوا کہ یہ نوجوان ایک طرف کئی لاکھ کی بجری کسی سرکاری ضرورت کے لیے فراہم کرتا رہا اور دوسری طرف قرآن سے گل چینی کا مشغلہ بھی جاری رکھا۔ بجری کی قیمت تو ڈوب گئی' مگر قرآنی پھولوں کے چمن آراستہ ہو گئے۔ دعا کے بعد شاید عدل اور دوسرے موضوعات پر کام کیا جا چکا ہے۔

اس کتاب میں جناب تبسم علی چیئرمین فضل سلمان ٹرسٹ رجسٹرڈ کی تحریر شروع میں اور مرزا محمد منور کی "تقریر" آخر میں شامل کی گئی ہے۔ اول آخر دونوں درست۔ بیچ میں میرے لکھے ہوئے ۲ صفحے بھی شامل ہیں جن کا مقصد اس نیک کام سے ہلکا سا تعلق پیدا کرکے حصول ثواب ہے۔ (ن - ص)

علمائے اسلام: تصنیف مولانا حافظ محمد ابراہیم میر سیالکوٹی رحم اللہ' اشاعت دوم' بہ تدوین نواز جناب طالب الہاشمی۔ ناشر: نذیر احمد سبحانی' سبحانی اکیڈمی' اردو بازار لاہور۔ سفید کاغذ متوسط کتابت' دبیز رنگین سرورق۔ قیمت ۴۵ روپے۔